**REDUCED SYLLABUS 2020-21**

**MODEL PAPER - 1**

## Subject : URDU (08)

**PUC I**

(Time : 3 hours 15 minutes) (Total No. of Questions : 56) [ Max Marks : 100]

ضروری ہدایات:

1۔ تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

2۔ ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

**I ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے: 10x1=10**

1۔ حضور اکرمؐ کی بعثت کا اولین مقصد کیا ہے؟

2۔ عقل سے کسے نور ملتا ہے؟

3۔ نماز و دعا کے بعد سلیم دل ہی دل میں کون سے الفاظ دہرا رہا تھا؟

4۔ اختلاف رائے کو پرکھنے کی کسوٹی کیا ہے؟

5۔ وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے کیا خریدتے ہیں؟

6۔ دُعا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔ (افسانہ۔خاکہ۔ڈراما)

7۔ پرائیوٹ خلائی جہاز بنانے کی پہل کس نے کی؟

8۔ دوسرا شخص جب گھر سے نکلا تو موسم کیسا تھا؟

9۔ جاپانی ٹرینیں اسٹیشنوں پر کتنی دیر رکتی ہیں؟

10۔ انسان جب ازسرِ نو جینے کا اہتمام کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

**II (الف) ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے: 2x5=10**

11۔ حضور اکرمؐ عیادت کے لیے جاتے تو کس بات کی ترغیب دیتے؟

12۔ عقل سے کیا کارنامے انجام پاتے ہیں؟

13۔ سلیم نے بچوں کو اپنے دادا کی بتائی ہوئی باتیں کیوں سنائی تھیں؟

14۔ تردیدی گفتگو کیسے کی جانی چاہیے؟

15۔ قوی ہیکل خانساماں نے ملازمت چھوڑنے کی وجہ کیا بتائی؟

16۔ خلائی تحقیق اگراسی طرح ترقی کرتے رہے گی تو مستقبل میں کیا ممکن ہے؟

17۔ جاپان کے ریلوے اسٹیشنوں پر مجتبیٰ حسین کو کون سی آوازیں سنائی نہیں دیں؟

**(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:** 2x5=10

18۔ فنااور بقا کس کو حاصل ہے؟

19۔ غیب سے جھٹکا کون کھاتا ہے؟

20۔ وقت کی نہ قدری کا انجام کیا ہوتا ہے؟

21۔ نومیدی کس کا سبب بنتی ہے؟

22۔ پھول کہاں کہاں مہکتے ہیں؟

23۔ وطن کی محبت کا پیغام کس کس نے دیا؟

24۔ شاعر نے سرزمینِ کرناٹک کے کن ادیبوں اور شاعروں کو یاد کیا ہے؟

**III ذیل میں سے کسی تین کے سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے:** 3x4=12

25۔ خادموں کے ساتھ حضور اکرمؐ کے حسن سلوک کا واقعہ بیان کیجیے؟

26۔ صاحب نے موم بتی جلا کر کہاں رکھ دی اور کیا دیکھا؟

27۔ خانساماں کے کہنے پر مضمون نگار نے کون کون سی قسم کے چولہے بناوائے؟

28۔ مجتبیٰ حسین نے ٹوکیو سے کیوٹو کے سفر کے دوران کون کون سے مناظر دیکھے؟

29۔ پہلے شخص نے چھتری کے کون کون سے فائدے بیان کیے ہیں مفصل لکھیے؟

**(ب) کسی تین جملوں کی بحوالۂ متن وضاحت کیجیے:** 3x2=6

30۔ ''دادا نے منع کیا تھا، دعا کسی کو نہیں بتاتے''

31۔ ''ہاتھ بیچا ہے زبان نہیں بیچی''۔

32۔ ''یوں بھی جاپان اور ہندوستان کا کیا مقابلہ ہمارا ملک چھوٹا ہے اور آپ کا ملک عظیم''

33۔ ''واہ یوں نہیں یوں ہے۔ وہ کہتا ہے واہ تم کیا جانو''

34۔ ''گویا بات تو عجیب ہے مگر آپ کے فرمانے سے باور کرتا ہوں''

**IV (الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے:** 1x5=5

35۔ 1) اک نوجوان کے نام 2) کرناٹک 3) پیارا وطن ہمارا

**(ب) ذیل میں دیے گئے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے:** 5x2=10

36۔ چار دن کا ہے مجہلا یہ سب
سب سے رکھیے سلوک ہی ناچار

37۔ جہاں میں ہو غم وہ شادی بہم ہمیں کیا کام
دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں

38۔ کسی کا ہوا آج، کل تھا کسی کا
نہ ہے تو کسی کا نہ ہوگا کسی کا

39۔ دل میں اک لہر سی اُٹھی ہے ابھی
کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

40۔ اگر خلوص کی دولت کے گوشوارے بنیں
تو شہر بھر میں کوئی صاحب نصاب نہ ہو

41۔ میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

42۔ شہر کی بے چراغ گلیوں میں
زندگی مجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

ج **کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے:** **1x4=4**

43۔ تھے کیک کی فکر میں سو روٹی بھی گئی
چاہی تھی شے بڑی سو چھوٹی بھی گئی
واعظ کی نصیحتیں نہ مانیں آخر
پتلون کی تاک میں لنگوٹی بھی گئی

44۔ کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے
کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ نا صبور تیرا ہر کام
کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

**45۔ کسی ایک شاعر کا تعارف لکھیے:** **1x3=3**

1) میر تقی میر 2) مرزا غالب 3) ناصر کاظمی

**46۔ کسی چار مرکبات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:** **1x4=4**

| | | |
|---|---|---|
| درہم برہم | اصلاح معاشرہ | غیر معمولی |
| خوش دلی | بدذائقہ | راہِ حق |

47۔ کسی چار کی اضداد لکھیے: 2

جدید جنت عداوت اندھیرا ابتدا طویل

48۔ کسی چار کے مترادفات لکھیے: 2

توقع خسارہ جرس مصنوی مسرور افلاس

49۔ کسی دو ہم صوت یا ہم آواز الفاظ کا معنوی فرق لکھیے: 2

صدا ۔ سدا نذر ۔ نظر عام ۔ آم امارت ۔ عمارت

50۔ کسی چار الفاظ کی جنس پہچانیے: 2

آسمان صحت بادل ارمان روشنی کتاب

51۔ کسی چار کے مفعول بنائیے: 2

عالم شاکر جبر قتل طلب ظلم

52۔ ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے: 2

(ہم) (غیر) (گاہ) (انگیز)

53۔ کسی اک شعری صنف کی تعریف لکھیے: 2

حمد نعت غزل

54۔ کسی دو جملوں میں مناسب علاماتِ نگارش کی استعمال کیجیے: 2

1۔ احمد کس جماعت میں زیر تعلیم ہے

2۔ امیر خسرو کو طوطئ ہند کہا جاتا ہے

3۔ زید نے کہا میں کل کالج نہیں آوٴں گا

55۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: 5

1) تعلیم نسواں 2) قومی یکجہتی 3) جہیز کی لعنت

56۔ ذیل کے جملوں کو اردو میں ترجمہ کیجیے: 5

1- Gold is costlier than silver

2- Work is worship

3. Mango is called the king of fruits

4. God helps those who help other

5. Taj Mahal was built by emperor Shahjahan

☆☆☆

**REDUCED SYLLABUS 2020-21**

**MODEL PAPER - 2**

## Subject : URDU (08)

## PUC I

(Time : 3 hours 15 minutes) (Total No. of Questions : 56) [ Max Marks : 100]

ضروری ہدایات:۔

1) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

2) ہر سوال کے محاذی نشان بائیں جانب درج ہیں۔

**I (الف) درج ذیل سوالات کے جواب ایک جملہ میں لکھیے:** **10x1=10**

1۔ حضور اکرم ﷺ نے کم سن بچے کو پیار کرتے ہوئے کیا کہا؟

2۔ روشن طبیعت والا کیسا ہوتا ہے؟

3۔ روٹی کو توے پر ڈال کر سلیم نے کھڑکی کے باہر کیا دیکھا؟

4۔ ''بحث و تکرار'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا لکھا ہوا مضمون ہے۔

5۔ بدذائقہ پکانے کا ہنر کس کو آتا ہے؟

6۔ سویت یونین نے پہلا مصنوی سیارہ کب اور کہاں بھیجا؟

7۔ قصہ بلٹ ٹرین کا ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ (خاکہ ، ڈراما ، سفرنامہ)

8۔ چھتری کو ترچھا کر کے کن سے بچا جا سکتا ہے؟

9۔ مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کے مسافروں کو بد اخلاق کیوں کہا ہے؟

10۔ چھتری کس کا لکھا ہوا ڈراما ہے؟

**II (الف) ذیل میں سے کسی پانچ سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:** **5x2=10**

11۔ قوم نے آپ ﷺ کو امین اور صادق کا لقب کب دیا؟

12۔ رحمت کس پر ہوتی ہے؟

13۔ میم صاحب نے صاحب کو کھڑکی کھولنے سے کیوں منع کیا؟

14۔ جھگڑا زیادہ دنوں تک رہنے سے کیا ہوتا ہے؟

15۔ وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے نکاح ثانی کیوں کر لیتے ہیں؟

16۔ چاند کے آس پاس سے دنیا اور آسمان کیسا نظر آتا ہے؟

17۔ مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کو کیوں سمجھ دار کہا ہے؟

**(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے:** 5x2=10

18۔ گردش میں کون ہیں؟

19۔ یہ دنیا کیسی بستی ہے؟

20۔ رب سے حضور اکرم ﷺ کی قربت کا آئینہ کیا ہے؟

21۔ جب سورج چرخ پر اُگتا ہے تو کیا کرتا ہے؟

22۔ پیارا وطن کس کی جستجو ہے؟

23۔ دولت اگر کھیتی اور موتی ہے تو وقت کیا ہے؟

24۔ ہندوستان کے جنوب میں واقع اس خطۂ کرناٹک کو شاعر کیا کہہ رہا ہے؟

**III (الف) ان میں سے کسی تین سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے:** 4x3=12

25۔ حضور اکرم ﷺ کی زندگی سادگی کا بہترین نمونہ ہے وضاحت کیجیے۔

26۔ ملا وجہی نے عقل کی کیا خوبیاں بیان کی ہیں؟

27۔ سلیم نے طوفان، بارش، اور بجلی سے بچنے کی کونسی دعائیں بتائیں؟

28۔ خانساماؤں سے متعلق گوناگوں مشکلات کا ذکر سن کر مرزا نے کیا کیا؟

29۔ مجتبیٰ حسین نے بلٹ ٹرین کی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟

**(ب) کسی تین جملوں کی بحوالۂ متن وضاحت کیجیے:** 3x2=6

30۔ ''دادا نے منع کیا تھا دعا کسی کو نہیں بتاتے''

31۔ ''بارش آنے والی ہے کپڑے اٹھاؤ''

32۔ ''ہاتھ بیچا ہے زبان نہیں بیچی''

33۔ ''مگر ان سب میں کسی نہ کسی قدر کتّوں کی مجلس کا اثر پایا جاتا ہے''۔

34۔ ''اس میں اتنی جگہ ہی کہاں ہوتی ہے کہ آپ اپنا بستر لگا سکیں''۔

**IV (الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے:** 1x5=5

35۔ i) نعت ii) ایک نوجوان کے نام iii) دنیا دارالمکافات ہے

**(ب) ذیل میں سے دیے گئے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے:** 5x2=10

36۔ چار دن کا ہے مجہلہ یہ سب
سب سے رکھیے سلوک ہی ناچار

37۔ جو کبھی یاد بھی آتا ہے تو کہتے ہیں
کہ آج بزم میں کچھ فتنہ وفساد نہیں

38۔ جو پھر جائے بے وفا سے تو جانوں
کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا

39۔ یاد کے بے نشاں جزیروں سے
تیری آواز آر ہی ہے ابھی

40۔ میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

41۔ اگر خلوص کی دولت کے گوشوارے نہیں
تو شہر میں کوئی صاحب نصاب نہ ہوتا

42۔ جہاں میں ہو غم و شادی بہم، ہمیں کیا کام
دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کے شاد نہیں

**(ج) کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے:** 1x4=4

43۔ تھے کیک کی فکر میں سو روٹی بھی گئی
چاہی تھی شے بڑی سو چھوٹی بھی گئی
واعظ کی نصیحتیں نہ مانی آخر
پتلون کی تاک میں لنگوٹی بھی گئی

44۔ کچھ وقت سے ایک بیج شجر ہوتا ہے
کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور تیرا ہر کام
کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

**45۔ کسی ایک شاعر کا تعارف لکھیے:۔** 1x3=3

i) میر تقی میر  ii) مرزا غالب  iii) مومن خاں مومن

**46۔ کسی چار مرکبات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:** 4x1=4

روز جزا  درہم برہم  حسن سلوک  اصلاح معاشرہ  خدمت خلق  نشیب وفراز

**47۔ کسی چار کے اضداد لکھیے:** 2

غم  صبح  جدید  امیر  نہاں  فناء

48۔ کسی چار کے مترادفات لکھیے: 2

مشورہ توقع عزم مدح موت انجام

49۔ کسی دو ہم صوت الفاظ کا معنوی فرق لکھیے: 2

شیر۔شعر نظر۔ نذر صفر ۔ سفر صدا ۔ سدا

50۔ کسی چار کے مفعول لکھیے: 2

طلب ظلم قتل شکر جہل قدر

51۔ کسی چار الفاظ کی جنس پہچانیے: 2

بادل عادت نوکر کتاب آسمان مالی

52۔ ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے: 2

بے دار مند لا

53۔ کسی ایک شعری صنف کی تعریف لکھیے: 2

حمد رباعی غزل

54۔ کسی دو جملوں کی علامتِ نگارش استعمال کیجیے: 2

i) واہ کیا خوبصورتی ہے

ii) ممبئی چنئی کولکتہ دلّی بھارت کے چار مہانگر ہیں

iii) بقول نقاد اگر غالب نہ ہوتے تو اقبال بھی نہ ہوتے

55۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: 5

i) کمپیوٹر کے فائدے

ii) اسلام میں عورت کا مقام

iii) معاشرے کی سدھار میں نوجوانوں کا حصہ

56۔ ذیل کی جملوں کو اردو میں ترجمہ کیجیے: 5

i) Work is worship.

ii) We have to respect our parents.

iii) Bangalore is a Garden City of Karnataka.

iv) An apple a day keeps the Doctor away.

v) Urdu is our Mother tongue.

☆☆☆☆☆